اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا

مجیب: ابوصدیق محمد ابوبکر عطاری

فتوی نمبر:WAT-941

تاریخ اجراء: 02 محرم الحرام 1443ھ / 02 اگست 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنے کا کیا حکم ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جمہور فقہاء بشمول سراج الامہ امام اعظم ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام مالک کا موقف یہ ہے کہ اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا نیز جس حدیث پاک میں اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کا حکم دیا گیا ہے اس کے متعلق محدثین کرام فرماتے ہیں اس سے مراد ہاتھ دھونا ہے۔

البتہ! اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرلینا مستحب ہے کیونکہ امام احمد بن حنبل کے نزدیک ایسی صورت میں وضوٹوٹ جاتا ہے اور اصول یہ ہے کہ جب اپنے مذہب کا کوئی مکروہ لازم نہ آتا ہو تو اختلاف علماء سے نکلنا یعنی یوں عمل کرنا کہ سب کے نزدیک درست ہو، مستحب ہوتا ہے۔

اللباب فی الجمع بین السنۃ والکتاب میں ہے"إلی هذا ذهب عامة العلماء، وحملوا الأمر بالوضوء منها علی غسل الید، فإنه یسمی وضوءا کما قال: الوضوء قبل الطعام ینفي الفقر وبعده ینفي اللمم "ترجمہ: اکثر علماء اسی طرف گئے ہیں (کہ اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا) اور انہوں نے حدیث مبارکہ میں اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنے کے حکم کو ہاتھ دھونے پر محمول کیا ہے کیونکہ اسے بھی وضو کہا جاتا ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھانے سے پہلے وضو محتاجی دور کرتا ہے اور بعد کا وضو گناہِ صغیرہ مٹاتا ہے۔(اللباب فی الجمع بین السنۃ والکتاب، جلد1، صفحہ124، دار القلم، بیروت)

فتاوی رضویہ میں ہے:"ایک اصل کُلی یہ ہے کہ جس بات سے کسی اور امام مجتہد کے مذہب میں وضو جاتا رہتا ہے اُس کے وقوع سے ہمارے مذہب میں اعادہ وضو مستحب ہے۔

درمختار میں ہے:"الوضوء مندوب فی نیف وثلثین موضعاذکرتھافی الخزائن منھابعد کذب وغیبۃ وقہقہۃ وشعرواکل جزوروبعد کل خطیئۃ وللخروج من خلاف العلماء"ترجمہ: وضو تیس ۳۰ سے زیادہ مقامات میں مستحب ہے، ان سب کا ذکر میں نے خزائن میں کیا ہے۔ اُن میں سے چند یہ ہیں جھُوٹ، غیبت، قہقہہ، شعر، اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد اور ہر گناہ کے بعد اور اختلافِ علماء سے نکلنے کیلئے۔(فتاوی رضویہ، جلد1، حصہ ب، صفحہ969، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net